بسم اللہ الرحمن الرحیم
تسکین الجنان
فی
محاسن کنز الایمان
اعلیٰحضرت شاہ احمد رضا خان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ترجمہ کا تقابلی جائزہ
تالیف: عبدالرزاق بھترالوی حطاروی
مدرس جامعہ رضویہ ضیاء العلوم راولپنڈی
مکتبہ ضیائیہ
بوہڑ بازار راولپنڈی

تسکین الجنان
فی
محاسن کنز الایمان

اعلیٰحضرت الشاہ مولانا احمد رضا خان رحمہ اللہ کے ترجمہ کا تقابلی جائزہ

تالیف

عبدالرزاق بھترالوی حطاروی

خطیب مسجد غوثیہ الف ٦-١

اسلام آباد

نام کتاب ـــــــــ تسکین الجنان فی محاسن کنز الایمان
مصنف ـــــــــ مولانا عبد الرزاق چشتی بھترالوی
کتابت ـــــــــ محمد اسلم، محمد حیات ڈوگر، شاہ محمد چشتی قصور
ـــــــــ فون - ۳۱۳۴

صفحات ـــــــــ
تعداد بار اول ـــــــــ ۱۱۰۰ (۱۹۸۷ء، ۱۴۰۷ھ)
ناشر ـــــــــ مکتبہ ضیائیہ۔ راولپنڈی
ہدیہ ـــــــــ

محمدتزوجة ابنہ - آپ لوگوں کے اس طعنہ کی فکر کرتے ہیں کہ لوگ کہیں گے کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اپنے بیٹے کی زوجہ سے نکاح کر لیا۔
روح المعانی میں ہے وتخشی الناس تخاف من اعتراضہم وقیل ای تستحی من قولہم ان محمدا صلی اللہ علیہ وسلم تزوج زوجۃ ابنہ والمراد بالناس الجنس والمنافقون - آپ کو لوگوں کے اعتراضات کی فکر تھی اور کہا گیا ہے کہ آپ انکی باتوں سے شرم محسوس فرماتے کہ یہ کہیں گے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بیٹے کی زوجہ سے نکاح کر لیا۔ لوگوں سے مراد بھی منافقین ہیں یعنی یہ فکر منافقوں کی کلام کی تھی۔
اعلیحضرت کے ترجمہ کی یہی خصوصیت ہے کہ آپ نے ہر پہلو کو مدِّ نظر رکھا اور متوقّع خدشات کو پہلے ہی دُور فرما دیا۔

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا (پ ۲۲ ع ۲)

- ہم نے تجھ کو بھیجا بتانے والا (مولینا محمود الحسن)۔
- (شاہ عبد القادر)۔
- ہم نے آپ کو اس شان کا رسول بنا کر بھیجا کہ آپ گواہ ہوں گے (اشرف علی)
- ہم نے تجھے بھیجا گواہ بنا کر (مولانا مودُودی)۔
- بے شک ہم نے آپ کو بھیجا ہے بطورِ گواہ (عبد الماجد دریا آبادی)
- بے شک ہم نے تجھے بھیجا حاضر و ناظر (اعلیٰ حضرت)۔

اعلیٰ حضرت کے اس ترجمہ پر معترضین نے بڑے غصہ میں کہا کہ حاضر و ناظر کسی لفظ کا ترجمہ نہیں۔ حاضر و ناظر معنی غلط ہے۔ قرآن پاک کے مفہوم سے نابلد ہونے کی علامت ہے۔ لیکن افسوس یہ ہے کہ معترضین تفاسیر سے نابلد ہونے کی وجہ سے اعلیحضرت کے ترجمہ کو موردِ الزام ٹھہراتے ہیں۔ حالانکہ عقل کا تقاضا یہ ہے کہ تفاسیر کو دیکھ کر جوبات نہ ملے پھر اعتراض کرے۔ تفسیر روح المعانی میں دیکھا جائے